ذکر کرتے رہیں تو امید ہے کہ عوام میں کتب بینی اور مطالعہ کی عادت پیدا ہوگی۔اسی طرح اساتذہ اپنی اپنی کلاسوں میں طلبہ کو مطالعہ کتب کی طرف متوجہ کرتے رہیں۔اور ناشرین کتب وقتاً فوقتاً کتب کے سستے اسٹال اور نمائشوں کا اہتمام کرتے رہیں تو قوم میں مطالعہ کتب کی عادت بیدار ہوسکتی ہے۔میڈیا کا کردار اس سلسلہ میں نہایت اہم ہے' نئے نئے ٹی وی چینلز اگر ایک آدھ پروگرام تعارف کتب کے حوالہ سے جاری کریں تو حصول ہدف میں خاصی کامیابی ہوسکتی ہے۔ارباب اقتدار فی الحال پتنگ بازی کے فروغ میں کوشاں ہیں ادھر سے انہیں فرصت ملے تو وہ شاید کبھی کتب بینی و کردار سازی کی بات کریں۔ہم اللہ رب العزت کی بارگاہ میں ملتمس ہیں کہ وہ اپنے فضل سے اس بھٹکی ہوئی قوم کو راہ ہدایت پر گامزن کردے اور اس قوم کو اس کا بھولا ہوا سبق اقراء باسم ربک........ یاد کرنے کی توفیق عطا فرمادے (آمین)

قارئین کرام سے ضروری گزارش

مجلہ فقہ اسلامی کی ترتیب' طباعت اور ترسیل میں تاخیر ہوسکتی ہے' لیکن اگر کسی بھی انگریزی ماہ کی ۲۵ تاریخ تک رسالہ نہ ملے تو براہ کرم خط لکھ کر مطلع فرمائیں تاکہ دوسری کاپی اگر اسٹاک میں ہو تو بھیجی جاسکے۔بعض احباب سال کے آخر میں اطلاع دیتے ہیں کہ انہیں اس سال فلاں فلاں ماہ کا رسالہ نہیں ملا' سال کے آخر میں رسالہ بھیجنا اس لئے مشکل ہوتا ہے کہ اولاتو رسالہ بچتا نہیں اور بچ جائے تو ہم جلد کرانے کے لئے بھیج دیتے ہیں۔اس طرح ہم قارئین خصوصا ممبر حضرات کی ضرورت پوری نہیں کرپاتے۔لہذا جناب سے گزارش ہے کہ جس ماہ رسالہ نہ ملے اس ماہ کے آخری ہفتے میں خط لکھ کر مطلع فرمادیا کریں۔

ہم خریدار ہیں............رسالہ ردی والے کو نہ دیں

بعض طلبہ اور عام قارئین رسائل پڑھنے کے شوقین تو ہوتے ہیں مگر چند رسائل جمع ہوجائیں تو ردی والے کو بیچ دیتے ہیں۔مجلہ فقہ اسلامی کے سابقہ شمارے اگر آپ کے پاس ہیں اور اب یہ آپ کے کام کے نہیں رہے تو براہ کرم ردی میں بیچنے یا کسی کو دینے کی بجائے ہمیں واپس کردیجئے ہم ردی والوں سے زیادہ قیمت پر خریدیں گے اور ان سابقہ شماروں کی رقم مع ڈاک خرچ شکریہ کے ساتھ آپ کو ارسال کردیں گے اور اگر آپ چاہیں تو ان کے بدلے آئندہ سال رسالہ مفت آپ کو بھیجتے رہیں گے۔

☆العادة محكمة ☆ عادت کو حکم بنایا گیا ہے یعنی فیصلہ عرف کے مطابق ہوگا